© rasailojaraid.com

اور لذتوں سے فیض یاب ہوگا۔

مگر یہ کس چیز کا صلہ ہے؟ صرف ایمان کا نہیں۔ صرف عمل صالح کا نہیں۔ ایمان اور عمل صالح دونوں کا اسفل سافلین میں گرنے سے صرف وہی لوگ مستثنیٰ کئے گئے ہیں۔ جو ایمان بھی لائے اور جنہوں نے عمل صالح بھی کئے ایمان بلا عمل ایک روح ہے بے قالب۔ اور عمل بلا ایمان ایک قالب ہے بے روح۔ جس طرح زندگی کے آثار اور احکام روح اور قالب دونوں کے مجموعہ پر مترتب ہوتے ہیں۔ نہ کہ کسی ایک پر، اسی طرح اجر غیر ممنون بھی ایمان اور عمل صالح دونوں کے مجموعہ پر ہی مترتب ہو سکتا ہے نہ کہ کسی ایک پر۔

پھر فرمایا فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّينِ ۔ أَلَيْسَ اللَّهُ بِأَحْكَمِ الْحَاكِمِينَ ۔ یعنی اے انسان کفر و نافرمانی کے یہ نتائج، اور ایمان و عمل صالح کے یہ ثمرات اپنی آنکھوں سے دیکھ لینے کے بعد اب کیا چیز ہے جو تجھکو دین کے جھٹلانے پر آمادہ کرتی ہے؟ کیا چیز ہے جس نے تجھے اللہ کی اطاعت سے منہ موڑنے پر اکسایا ہے؟ کس چیز سے دھوکہ کھاکر تو سمجھ رہا ہے کہ تیرے کردار کا کبھی حساب نہ لیا جائے گا۔ اور تجھے اپنے دل اور ہاتھوں کی کمائی کا انجام نہ دیکھنا پڑے گا؟ کیا یہ سب کچھ دیکھ کر بھی تجھے معلوم نہ ہوا کہ خدا سب حاکموں کا حاکم ہے؟

---


نمونہ کا پرچہ مفت منگائیے

**قاسم العلوم** رمضان المبارک ۱۳۵۲ھ سے نہایت پابندی وقت کے ساتھ جاری ہے۔ اکابر علماء دیوبند کے علمی فیوض و برکات کا مرقع جس میں ہر قسم کے علمی مذہبی مضامین عالیہ شائع ہوتے ہیں حضرت حکیم الامۃ مولانا شاہ اشرف علی صاحب مد فیوضہم کے مستقل مضامین عالیہ کے علاوہ حضرت قاسم العلوم و انجیارت بانی دارالعلوم و دیگر اکابرین امت کے نادر و نایاب و غیر مطبوعہ مضامین جو آپ کو صرف قاسم العلوم میں ملیں گے ہر مسلسل مضمون کے ختم پر اس کی مستقل کتاب آسانی سے مرتب ہو سکتی ہے رسالہ قاسم العلوم ہندوستان کا واحد لاثانی رسالہ ہے جس کا مطالعہ مسلمانوں کے ہر طبقہ کے لئے از حد مفید ہے۔ قیمت سالانہ۔ معاونین خاص ۱۲ عام مسلمانوں سے ۱۰ طلباء مدارس عربیہ سے ۸ صرف عمر

پتہ عبادہ مرزا اسلامت کا۔ احقر عتیق احمد صدیقی مدیر الانصار دارالعلوم دیوبند۔ (یوپی)


© rasailojaraid.com